فوری ریلیز کے لیے: 25/6/2024 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے کے لئے بڑے پیمانے والے تھرمل پراجیکٹس کے لیے 10$ ملین اب دستیاب ہیں

نیا لارج سکیل تھرمل پروگرام (Large-Scale Thermal Program) عمارتوں میں ڈیکاربونائز کرنے والی ہیٹنگ، کولنگ اور گرم پانی کے نظاموں کو سپورٹ کرتا ہے ، جس میں تھرمل انرجی نیٹ ورکس (Thermal Energy Networks) کے ذریعے توانائی حاصل کرنے والی متعدد عمارتوں کے لئے ڈیزائن بھی شامل ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ عمارتوں میں ہیٹنگ، کولنگ، اور گرم پانی سے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے کے لئے بڑے پیمانے والے تھرمل پراجیکٹس کے لیے 10$ ملین اب دستیاب ہیں۔ نیا Large-Scale Thermal Program بڑی عمارتوں یا عمارتی نیٹ ورکس کے لئے ایسے منصوبوں کی حمایت کرے گا جو توانائی کے استعمال کو نمایاں طور پر کم کریں، توانائی کی بحالی کے عمل کو زیادہ سے زیادہ بڑھائیں، اور آب و ہوا کے مقابلے میں گرڈ کی مضبوطی بہتر بنانے کے لیے قابل نقل ڈیزائن اور کاروباری ماڈلز دکھاتے ہوں۔

"کلین حرارتی اور کولنگ سسٹم کے ڈیزائن اور تعیناتی میں سرمایہ کاری کرنا پوری ریاست میں عمارتوں کو ڈی کاربنائز کرنے اور مضر اخراج کو کم کرنے والی نیویارک کی حکمت عملی کا ایک اور حصہ ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس نئے پروگرام کے ذریعے ہم پوری ریاست بھر میں کام کرنے، رہنے، اور سیکھنے کے لیے توانائی کی بچت کرنے والی آرام دہ عمارتیں بنا رہے ہیں۔"

نیا Large-Scale Thermal Program، جو ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیق و ترقی کی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) کے زیر انتظام چلے گا، اسکے ذریعے کالجوں اور یونیورسٹیوں، ملٹی فیملی کمپلیکسز، میڈیکل کیمپسز اور کمیونٹیز کو ان پروجیکٹس کے لیے مسابقتی طور پر فنڈ فراہم کرے گا جو ہیٹ پمپس اور کم کاربن تھرمل وسائل استعمال کرتے ہوں مثلاً جیوتھرمل، استعمال شدہ پانی، فضلے سے حرارت، اوپری سطحی کا پانی، اور تھرمل توانائی ذخیرہ کرنے کے لیے مختلف کلین ہیٹنگ اور کولنگ سسٹمز اور آلات کو اپنی عمارتوں میں مؤثر طریقے سے ضم کرتے ہوں۔ پروجیکٹ کی سائٹس ایک ہی بڑی عمارت بھی ہو سکتی ہے یا متعدد مشترکہ عمارتوں کا مجموعہ بھی (مثال کے طور پر، مشترکہ تھرمل سسٹم اور/یا وسائل کے ذریعے خدمات انجام دینے والی متعدد عمارتیں)، چاہے وہ عمارتیں پہلے سے موجودہ ہوں یا نئی تعمیر کی جا رہی ہوں۔

NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "رہائشی مقامات کو گرم رکھنا اور گھریلو گرم پانی کی پیداوار والی عمارتوں میں ڈی کاربنائز کرنا کافی مشکل ہوتا ہے، اور اسی وجہ سے اس نئے پروگرام کی اہمیت نمایاں ہو رہی ہے جو ایسے منصوبوں کے لیے مدد فراہم کرے گا جو توانائی کا استعمال کم کرنے اور آب و ہوا اور گرڈ کی لچک اور استحکام بڑھانے کے لیے قابل نقل ماڈل بنا کر دکھاتے ہوں۔ اب جبکہ ہم نے بڑے پیمانے پر تھرمل جیسی نئی، اختراعی ٹیکنالوجیز کو اپنانا اور نافذ کرنا جاری رکھا ہوا ہے، تو ریاست نیویارک کلین، موثر، جدید ترین حرارتی اور کولنگ نظاموں کے ساتھ رہائشیوں کے معیار زندگی کو بہتر بناتے ہوئے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے میں پیشرفت کرنا جاری رکھے گی۔"

اس مسابقتی درخواست والے عمل کے ایک جزو کے طور پر، NYSERDA ان منصوبوں کو ترجیح دے گا جو پسماندہ کمیونٹیز (disadvantaged communities, DACs) میں واقع ہیں جیسا کہ کلائمیٹ جسٹس ورکنگ گروپ (Climate Justice Working Group) میں بیان کیا گیا ہے، یا جو کم آمدنی والے رہائشیوں کی خدمت کرتے ہوں جو موسمیاتی ایکٹ (Climate Act) کے کم از کم 35 فیصد والے ضابطے کے مطابق ہوں اور جنکا اگلا ہدف 40 فیصد ہو، اور ساتھ ہی ان میں صاف توانائی کی سرمایہ کاری کے فوائد DACs پر مرکوز رکھے گئے ہوں۔ رہائشی عمارتوں کو توانائی فراہم کرنے والے پروجیکٹس کے ڈیزائن کے لیے صارفین کی شمولیت اور تحفظ کا منصوبہ (Customer Engagement and Protection Plan) تیار اور فراہم کرنا لازمی ہوگا جو یہ ظاہر کرے گا کہ کس طرح صارفین کو اس نظام سے منسلک ہونے کے بارے میں تعلیم دی جائے گی اور انہیں کیسے شامل کیا جائے گا، اور ساتھ ہی کنکشن کے لیے ان کے حقوق اور ذمہ داریاں بتانا بھی شامل ہوگا بشمول انہیں توانائی کی قیمت میں ہونے والے اضافوں سے محفوظ رکھنا۔ ڈیزائن کی لاگت میں حصہ داری کے لیے درخواست دینے کی لازمی شرط ایک مکمل کردہ فزیبلٹی اسٹڈی ہوگی، چاہے وہ کمیونٹی ہیٹ پمپ سسٹمز پروگرام (Community Heat Pump Systems program) کے ذریعے ہو، FlexTech پروگرام کے ذریعے ہو، یا دیگر فنڈنگ ذرائع کے توسط سے ہو۔

تجاویز جمع کرانے کی آخری تاریخ **26 ستمبر 2024 کو سہ پہر 3:00 بجے** تک ہے۔ NYSERDA اسٹیک ہولڈرز کی معلومات کے لیے کہ کون سے منصوبے اہل ہیں اور درخواست کیسے دینی ہے **11 جولائی 2024 کو سہ پہر 3:00 بجے** ایک معلوماتی ویبینار منعقد کرے گا۔

آج کا اعلان Community Heat Pump Systems Program کے تحت NYSERDA کی پیشرفت کو مزید مہمیز دے رہا ہے جو فروری 2021 میں شروع کیا جانے والا ایک پائلٹ پروگرام ہے اور فزیبلٹی اسٹڈیز، تفصیلی ڈیزائن، یا تھرمل انرجی نیٹ ورک کی تعمیر میں مدد و معاونت مہیا کرتا ہے۔ اس پروگرام کے ذریعے NYSERDA نے پروجیکٹ کی ترقی کے مختلف مراحل میں 50 سے زیادہ پروجیکٹ سائٹس کو فنڈنگ فراہم کی ہے۔ یہ پروگرام آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ (Climate Leadership and Community Protection Act) کے ان مقاصد کی معاونت کرتا ہے کہ 2030 تک گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو 40 فیصد تک اور سنہ 2050 تک 85 فیصد کم کیا جائے، اور یہ امر بھی یقینی بنایا جائے کہ سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد پسماندہ کمیونٹیز تک پہنچیں جبکہ اسکا اگلا ہدف 40 فیصد ہو۔

ریاست نیو یارک میں عمارات گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کے سب سے اہم ذرائع میں سے ایک ہیں اور NYSERDA اور یوٹیلیٹی پروگرامز کے ذریعے عمارتوں کو کاربن کے مضر اخراج سے پاک کرنے کے لیے $6.8 بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔ عمارات میں توانائی کی بچت کو بہتر بنا کر اور آن سائٹ سٹوریج، قابل تجدید ذرائع، اور الیکٹرک وہیکل چارجنگ آلات کی ریاست بھر میں تنصیب کو آگے بڑھا کر، ریاست اپنی کاربن کی آلودگی کو کم کرے گی اور سنہ 2025 تک سائٹ پر توانائی کی کھپت کو 185 TBtu تک کم کرنے کے ریاست کے پُرعزم ہدف کو حاصل کرے گی، جو کہ 1.8 ملین گھروں کو بجلی فراہم کرنے برابر ہے۔

اس پروگرام کی فنڈنگ NYSERDA کے کلین انرجی فنڈ (Clean Energy Fund, CEF) اور ریجنل گرین ہاؤس گیس انیشیٹو (Regional Greenhouse Gas Initiative, RGGI) کے ذریعے فراہم کی جا رہی ہے۔

ریاست نیو یارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ
ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ ملک کی چند جارحانہ ترین موسمیاتی اور صاف ستھری توانائی پر مبنی پیش رفتوں کے زیر رہنمائی، نیو یارک 1990 کی سطح سے موازنے میں، 2030 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 40 فیصد تک کم اور 2050 تک اس سطح کو 85 فیصد تک کم کرنے کے لیے کوششوں کے ایک وسیع سلسلے کو آگے بڑھا رہا ہے، جن میں نیو یارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest program, NYCI) اور دیگر سہارا بخش پالیسیز شامل ہیں۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والی بجلی کے ہدف کی راہ پر بھی گامزن

ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن کے اخراج و تدارک میں توازن پیدا کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاریاں کرنا اس انقلابی تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 61 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 28$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 3$ بلین سے زائد، اور NY Green Bank کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ ان اور دیگر سرمایہ کاریوں نے سنہ 2022 تک نیو یارک کے کلین انرجی سیکٹر میں 170,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کی ہے، جبکہ سنہ 2011 کے بعد سے ڈسٹریبیوٹڈ سولر سیکٹر میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی بڑھوتری لا چکی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ 400 رجسٹر شدہ اور 130 سے زائد مصدقہ موسمیاتی اسمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والے ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی اقدامات کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں